95322-ڈیجٹل اور ویڈیو کیمرہ سے تصویر بنانے کا حکم

سوال

ڈیجٹل اور ویڈیو کیمرہ سے تصویر بنانے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

ڈیجٹل کیمرہ سے تصویر بنانے کی دو قسمیں ہیں :

پہلی قسم :

یہ تصویر فوٹوگرافی ہو (یعنی کاغذ پر پرنٹ ہونے والی ریل اور فلم کے ذریعہ اتاری گئی ہو) تو یہ جائز نہیں ہے ، لیکن اگر اس تصویر کے استعمال کا مقصد مباح اور جائز ہو، مثلا وہ تصویر جو شناختی کارڈ یا پاسپورٹ ، یا لائسنس یا مجرموں کو پہچاننے کے لیے اس طرح دوسری صحیح غرض اور مقصد کے لیے .

اور صرف یاداشت اور یادگیری کے لیے تصویریں رکھنا جائز نہیں جیسا کہ اکثر لوگ کرتے ہیں .

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (10326) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں .

دوسری قسم :

وہ تصویر جو ڈیجٹل کیمرہ سے لی گئی ہو وہ متحرک ہو جیسا کہ ویڈیو تو اس میں کوئی حرج نہین اور یہ حرمت میں شامل نہیں ہوتی .

لیکن ایسی تصویر بنانی جائز نہیں جو معصیت وگناہ میں معاون ثابت ہو ، یا پھر برائی پر اسے برانگیختہ کرے ، مثلا بے پردہ عورتوں کی تصویر بنانا ، یا پھر فسق وفجور والی جگہوں یا بدعت و شرک والی جگھوں کی بطور تعظیم اور اس کی راہنمائی کے لیے تصویر بنائی جائے .

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (10326) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں .

واللہ اعلم .